BOOKMARK

ابتدائی سوم

اسلامیات

نیلما کنول

سُوْرَۃُ النَّاس

مقصد: قرآنی سورۃ یاد کرانا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۙ

"آپ کہہ دیجیے! کہ میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ لوگوں کے مالک کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ دل میں وسوسہ ڈالنے والے شیطان کے شر سے جو اللہ کا نام سن کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔ چاہے وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔"

جنّت اور دوزخ

مقصد: اچھے اور بُرے کاموں کی پہچان اور سزا اور جزا کا تصور کرانا۔

س: اللہ تعالیٰ کن بچوں سے خوش ہوتا ہے؟

ج: جو بچے اللہ تعالیٰ کی بات مانتے ہیں۔

س: جو بچے اچھے کام کرتے ہیں اللہ تعالیٰ انھیں کیا دے گا؟

ج: اللہ تعالیٰ انھیں جنّت میں بھیجے گا۔

س: جنّت کیا ہے؟

ج: جنّت بہت خوبصورت جگہ ہے۔

س: اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ج: اپنے امّی، ابو، ٹیچر اور بڑوں کی بات ماننی چاہیے۔



پیاری دُعائیں

مقصد: ہر کام کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کو یاد رکھنے کی عادت ڈالنا۔

س: کوئی بھی اچھا کام کرنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

ج: **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

(شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے)

س: اگر اکیلے میں ڈر لگے تو کیا پڑھنا چاہیے؟

ج: **لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا**

(ڈرو نہیں، اللہ ہمارے ساتھ ہے)

س: علم میں اضافے کے لیے کیا پڑھنا چاہیے؟

ج: **رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا**

(اے میرے اللہ! میرے علم میں اضافہ فرما)

صفائی

مقصد: صاف ستھرے ماحول اور صحت مند معاشرے کی بنیاد ڈالنا۔

س: اللہ تعالیٰ کیسے بچوں کو پسند کرتا ہے؟

ج: جو صاف ستھرے رہتے ہیں۔

س: صاف رہنے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ج: روزانہ نہانا، صاف ستھرے کپڑے پہننا، دانت اور ناخن صاف رکھنے چاہئیں۔

س: کیا گندے بچوں کو کوئی پسند کرتا ہے؟

ج: جی نہیں! گندے بچوں کو کوئی پسند نہیں کرتا۔

س: صفائی کے بارے میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا ہے؟

ج: ''صفائی آدھا ایمان ہے۔''

سوچیں اور بتائیں

اگر ہم روزانہ دانت صاف نہ کریں تو کیا ہوگا؟

سرگرمی کلاس روم کے لیے ایک کچرا دان بنائیں اور سارے بچے اس میں کچرا ڈالنے کی عادت ڈالیں۔

ہدایات بچوں کو تاکید کی جائے کہ کچرا پھینکنے کے لیے کچرا دان میں ڈالیں اور اس عادت کو پختہ کرایا جائے۔ روزانہ جماعت کو ہر وقت صاف رکھنے کی ذمہ داری دی جائے اور اس کی نگرانی بھی کی جائے۔ ہر روز جماعت میں بچوں کے ناخن، یونیفارم، دانت، رومال وغیرہ کی چیکنگ کی جائے۔

والدین کا احترام

مقصد: والدین کی عزت، احترام اور ان کی اہمیت بتانا۔

س: ہمیں اپنے امی، ابو سے کس طرح پیش آنا چاہیے؟
ج: ہمیں ان کی عزت کرنی چاہیے اور ان کا کہنا ماننا چاہیے۔

س: امی، ابو کی بات ماننے سے کیا ہوتا ہے؟
ج: اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

س: کیا ہمیں اپنے امی ابو سے چیخ کر بات کرنی چاہیے؟
ج: جی نہیں! ایسا کرنے سے اللہ تعالیٰ بہت ناراض ہوتا ہے۔

سوچیں اور بتائیں

ہمیں اپنے بڑوں سے کیسے بات کرنی چاہیے؟

سرگرمی

ٹیچر ایک خاکہ تیار کرے۔ دو بچوں کو بلایا جائے۔ پہلا بچہ چیخ کر، اونچی آواز میں بات کرے۔ ٹیچر بتائے کہ یہ غلط طریقہ ہے۔ اب دوسرا بچہ آئے جو دھیمی اور ملائم آواز میں بات کرے۔ اب ٹیچر بتائے کہ یہ صحیح طریقہ ہے۔

ہدایات

دھیمی آواز میں بات کرنے کا طریقہ اور فائدے بتائیں۔ والدین کی اہمیت اور ان سے بات کرنے کا طریقہ بتائیں۔

سچ بولنا

مقصد: سچ اور جھوٹ کی پہچان کروانا۔

س: سچ بولنا کسے کہتے ہیں؟

ج: ہر بات ٹھیک ٹھیک بتانا۔

س: کیا سچ بولنا اچھی عادت ہے؟

ج: جی ہاں۔

س: سچ بولنے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور
سب لوگ ہم سے پیار کرتے ہیں۔

س: جھوٹ بولنے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔

سوچیں اور بتائیں

کیا آج آپ نے کوئی جھوٹ بولا تھا؟

ہدایات
دورانِ سبق بچوں کو ایسے واقعات سنائیں جو ان کو سمجھنے میں آسانی دیں اور جھوٹ کے نقصانات اور سچ کے فوائد بتائیں۔ مثلاً بچوں کو "شیر آیا، شیر آیا"
والی کہانی سنائیں۔

اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اول (نرسری) جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے طلبا کے لیے اپنی نوعیت کا ایک منفرد سلسلہ ہے۔ ان کتب کو مرتب کرتے وقت طلبا کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ نیز آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو نہ صرف خوب صورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانے میں بے حد مددگار ہوں گی۔

اساتذہ کی پُرخلوص رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلبا کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلبا میں غور و فکر کی عادت پیدا کرنے، اخلاق و کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں ان کی معاون ثابت ہوں۔

حکومتِ پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدِنظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن و سنت کی روشنی میں مستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلبا آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلبا کی دلچسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلے کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی مفید آرا کے منتظر رہیں گے۔

Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback, write us at: info@bookmark.com.pk

Follow us on:

/BookmarkPublishing
/bookmarkpublishingpak
/infobookmark
/bookmarkpublishing
/bookmarkpublishing
www.bookmark.com.pk

ISBN 969-7387-34-6
9 789697 387346
Printed by: Urban Upsurge